میکسیکو کے وفد کی ملاقات

☆ بعد ازاں حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز اپنے دفتر تشریف لے آئے جہاں پروگرام کے مطابق میکسیکو سے آنے والے وفد کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے ملاقات ہوئی۔ میکسیکو سے امسال 17 افراد پر مشتمل وفد آیا تھا جن میں پانچ میکسیکن مقامی نومبائعین بھی شامل تھے۔

☆ وفد کے ممبران نے بتایا کہ جلسہ سالانہ کا سارا انتظام بڑا پُر امن تھا۔ حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے خطابات سنے، ہم بہت متاثر ہوئے ہیں اور ہم نے بہت کچھ سیکھا ہے۔ ہماری روحانیت اور ایمان میں اضافہ ہوا ہے۔

☆ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے فرمایا، آپ بھی اس طرح کا بڑا جلسہ کریں، میں بھی وہاں آؤں گا۔

☆ میکسیکو سے ایک نومبائع Miguel Olguin (میگیل اولگن) صاحب بھی جلسہ میں شامل ہوئے۔ انہوں نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا؛

خدا تعالیٰ کا خاص فضل ہے کہ مجھے جلسہ سالانہ یُوکے میں حصہ لینے کا موقعہ ملا۔ میں اپنے آپ کو بہت خوش قسمت سمجھتا ہوں کہ مجھے جلسہ سالانہ یُوکے کے دوران حضور انور کو دیکھنے کا موقعہ ملا۔ میں ہمیشہ سنتا تھا کہ مسلمان شدت پسند لوگ ہوتے ہیں۔ مگر میں نے جب سے اسلام قبول کیا ہے کبھی بھی کوئی ایسی بات نہیں دیکھی۔ یہاں بھی میں نے ہزاروں لوگوں کو دیکھا جس سے ثابت ہوتا ہے کہ جماعت احمدیہ کا شدّت پسندی سے کوئی تعلق نہیں۔ جلسہ سالانہ کا انتظام بھی بہت اچھا لگا۔ چھوٹے بچوں کو پانی پلاتے ہوئے دیکھا۔ جماعت احمدیہ کا یہ طریق بہت عمدہ ہے کہ کم عمر سے ہی خدمتِ خلق کی عادت ڈالی جاتی ہے تا کہ عادت بھی بن جائے اور خدمت کے بدلہ میں خدا تعالیٰ سے ثواب بھی مل جائے۔

جلسہ سالانہ کے موقعہ پر بہت سے لوگوں سے ملاقات ہوئی جن کا تعلق مختلف ممالک سے تھا اور مختلف زبانیں بولتے تھے۔ میں نے اندازہ لگایا کہ ایک دوسرے کے ساتھ محبت اور اخلاص کا سلوک دکھانے کے لئے ایک زبان کا آنا ضروری نہیں۔

☆ میکسیکو کے ایک نومبائع 'Hiram Vidal' (حیرام ویدال) صاحب کہتے ہیں :

مجھے پہلی مرتبہ جلسہ سالانہ میں حصہ لینے کا موقع ملا ہے۔ میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ حضور انور کو دیکھنے کا موقعہ ملے گا۔ ایسا لگ رہا تھا کہ کوئی خواب دیکھ رہا ہوں۔

☆ میکسیکو کی ایک اور نومبایعہ خاتون Rosalina Lara Flota صاحبہ (روسالینا لارا فلوتا) نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا؛

جلسہ سالانہ میرے لیے ایک روحانی تبدیلی کا باعث تھا۔ عالمی بیعت کے دوران ایسا محسوس ہوا کہ ہر لفظ دہراتے ہوئے خدا تعالیٰ سے دوبارہ بیعت پر عمل کرنے کا وعدہ کیا ہے اور بیعت کے ذریعہ میرے ایمان کو بہت تقویت ملی۔ مجھے فخر ہے کہ میں جماعت احمدیہ کا حصہ ہوں اور یہ جماعت ساری دنیا کی بہتری کے لئے تعلیمات پیش کرتی ہے اور مختلف طریقوں سے انسانیت کی مدد کرتی ہے۔ مجھے جلسہ سالانہ کے دوران اسلام اور جماعت کے بارہ میں بہت ساری چیزیں سیکھنے کو ملیں۔

☆ میکسیکو کی ایک اور نومبایعہ 'آئرام مارتی نیز' صاحبہ (Airam Martinez) نے کہا: ہماری رہائش کا انتظام جامعہ میں کیا گیا۔ زبان کو نہ سمجھنے کے باوجود بھی تمام رضا کاروں نے ہمارے ساتھ بڑا اچھا سلوک کیا۔ مجھے دنیا کے کئی ممالک کے افراد سے ملنے کا موقعہ ملا جو کہ میں پہلے سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ اتنے ممالک کی نمائندگی ہوگی۔ اسی طرح حضور انور کے تمام خطابات سننے کا موقعہ ملا۔ سب سے زیادہ دل پر اثر کرنے والا وہ خطاب تھا جس میں حضور انور نے بچوں کی تعلیم و تربیت کی طرف توجہ دلائی۔ خاص طور پر حضور انور نے ایک ڈاکو کا اپنی ماں کی زبان کاٹ لینے والا جو واقعہ بیان کیا اُس سے میرے دل پر بہت زیادہ اثر ہوا۔

☆ ایک نومبائع خاتون Heidi Maribel Gamboa صاحبہ نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا؛

جلسہ سالانہ کے دن میری زندگی کے بہت اہم ترین دن تھے۔ جس کے دوران مجھے جماعت کے مختلف لوگوں سے ملنے کا موقع ملا، جن کا تعلق مختلف ممالک سے تھا۔ مختلف ممالک سے آنے والے یہ مہمان مجھ سے ایسے ملے جس طرح ہم ایک ہی فیملی سے تعلق رکھتے ہیں۔ شاید میں ان سے دوبارہ کبھی بھی نہ مل سکوں، مگر اس جلسہ سالانہ کی یادیں ہمیشہ قائم رہیں گی۔

☆ میکسیکو کے وفد کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے یہ ملاقات ایک بج کر 25 منٹ تک جاری رہی۔ آخر پر وفد کے ممبران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے ساتھ تصاویر بنوانے کا شرف پایا۔